# 20-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ کمپنی سکریٹریز دیانتداری سے کارپوریٹ معاملہ چلاتے ہوئے ملک کی معاشی ترقی میں مدد کررہے ہیں۔

۲۔ بی جے پی نے وقف ترمیمی قانون کے فائدوں کے بارے میں بیداری پھیلانے کیلئے ملک بھر میں وقف سدھار جن جاگرن ابھیان شروع کیا ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ حکومت ہر ممکن طریقہ سے اِندراویلی شہیدوں کے خاندانوں کی بھرپور مدد کررہی ہے۔

۴۔ہوا کے دباؤ میں کمی کی وجہ سے تلنگانہ کے کئی ضلعوں میں اگلے 36 گھنٹوں کے دوران اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے کہا ہے کہ ریاست میں اِس سال ضمنی چناؤ ہونے کا امکان ہے اور پارٹی کارکنوں کو اس کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔حیدرآباد میں آج خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے چناؤ میں بی آر ایس کی شکست سے پارٹی سے زیادہ عوام کو نقصان ہوا۔انہوں نے ریمارک کیا کہ یہ ایک تاریخی ضرورت ہے کہ چندر شیکھر راؤ ایک بار پھر وزیر اعلیٰ بنے۔کے ٹی آر نے یہ بھی کہا کہ کانگریس اور بی جے پی دونوں قومی جماعتیں تلنگانہ کی دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ بہت کم عرصہ میں کانگریس حکومت کے بارے میں عوام کا وہم دور ہوگیا ہے۔انہوں نے 500 دن گزرنے کے بعد بھی 100 دنوں میں 6 ضمانتوں پر عمل میں ناکامی کے لئے حکومت پر تنقید کی۔تارک راما راؤ نے یہ بھی کہا کہ کانگریس حکومت میں ریاست کا رئیل اسٹیٹ شعبہ پوری طرح سے ٹھپ ہوچکا ہے۔

PONNAM - JOBS:

ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے بتایا ہے کہ تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے 3 ہزار 38 عہدوں پر بھرتی کیلئے نوٹیفکیشن جلد جاری کیا جائے گا۔ان میں ڈرائیورس، ورکرس، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، ٹرافک و میکانیکل، ڈپو مینجر، اسسٹنٹ انجینئرس، میکانیکل و سیول، سیکشن آفیسرس، اکاؤنٹ آفیسرس اور میڈیکل آفیسرس کے عہدے شامل ہیں۔وزیر نے بھرتی کا عمل شروع ہونے پر خوشی کا اظہار کیا جس کا لمبے عرصہ سے انتظار تھا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے اِس عمل کیلئے اجازت دے دی ہے۔وزیر نے یقین دلایا کہ جلد سے جلد بھرتی کا عمل پورا کیا جائے گا۔انہوں نے اسے بے روزگار نوجوانوں کے لئے ایک بہترین موقع قرار دیا۔انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں عوامی بھلائی کے لئے

حکومت کے عہد کو دہرایا اور مہالکشمی اسکیم کے تحت آر ٹی سی بسوں میں عورتوں کیلئے مفت سفر پر کامیابی عمل آوری کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے 165 کروڑ سے زیادہ عورتوں کو فائدہ ہوا ہے اور سفر کے خرچ میں تقریباً 5 ہزار 500 کروڑ کی بچت ہوئی ہے۔ مہالکشمی اسکیم کے تحت نئی بسوں کی حالیہ خریدی کے ساتھ آر ٹی سی اور اپنی ورک فورس میں اضافہ کیلئے تیار ہے۔

BANDI:

مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے الزام لگایا ہے کہ مجلس اتحاد المسلمین وقف کے نام پر کاغذات کے بغیر زمینوں پر قبضہ کی ایک تاریخ رکھتی ہے۔ پداپلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ س 8 لاکھ ایکر زمین کا مالک ہے اور اسے 10 لاکھ کروڑ کی آمدنی ہوئی ہے لیکن ایک پیسہ سے بھی مسلمانوں کو اس کا فائدہ نہیں ہوا۔ انہوں نے سوال کیا کہ جن لوگوں نے لارڈ رام کے بارے میں ثبوت مانگے تھے کیوں انہوں نے کبھی وقف کے بارے میں ثبوت نہیں مانگے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز نے اچھی نیت کے ساتھ وقف ترمیمی بل لایا ہے لیکن اپوزیشن جماعتیں مذہبی نفرت کو ہوا دے رہی ہے۔

Sound Byte

AIMIM:

صدر آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین اسد الدین اویسی نے وقف ترمیمی قانون واپس لینے تک اس کے خلاف احتجاج جاری رکھنے کا عزم کیا ہے اور الزام لگایا ہے کہ مرکز مسلمانوں کی پہچان اور ان کے حقوق کو نشانہ بنا رہی ہے۔ حیدر آباد میں کل رات آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی طرف سے رکھے گئے ایک جلسہ عام سے خاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس قانون کی مخالفت زرعی قانون کی مخالفت جیسی ہے جسے واپس لیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک قانون واپس نہیں لیا جاتا پورے ملک میں پر امن احتجاج جاری رہے گا۔ تین طلاق، سی اے اے اور بی جے پی حکومت والی ریاستوں میں تبدیلی مذہب قانون کا حوالہ دیتے ہوئے اویسی نے الزام لگایا کہ وزیر اعظم مودی پچھلے 11 سال سے مسلمانوں کی مذہبی پہچان پر حملہ کر رہے ہیں۔ مجلسی لیڈر نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ وقف ترمیمی بل سے داؤدی بوہرہ فرقہ کو الگ کرنا مسلمانوں کو باٹنے اور کمزور کرنے کی کوشش ہے۔

EASTER:

ایسٹر کا تہوار آج ریاست کے تمام حصوں میں مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ سلیب پر چڑھائے جانے کے بعد حضرت عیسیٰ کے دوبارہ ظاہر ہونے کی یاد میں یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ تلنگانہ کے الگ الگ حصوں سے ایسٹر منانے کی خبریں ملی ہیں۔ اِس موقع پر چرچوں میں خصوصی عبادتیں ہوئیں۔

BJP - WAQF:

بی جے پی نے آج وقف ترمیمی قانون کے فائدوں کے بارے میں بیداری پھیلانے کے لئے ملک بھر میں وقف سدھار جن جاگرن ابھیان شروع کیا۔ یہ مہم اگلے مہینہ کی پانچ تاریخ تک جاری رہے گی۔ اس مہم کے تحت بی جے پی لیڈرس اور کارکن مسلمانوں سے ملاقات کریں گے اور انہیں ترمیم شدہ قانون کے بارے میں بیدار کریں گے۔

SWACHH BHARAT:

تلنگانہ حکومت نے سوچھ بھارت گرامین مشن کے تحت ریاست کے حصہ کے طور پر 516 کروڑ روپے کا قرض منظور کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مرکزی حکومت نے اِس اسکیم کے لئے 60 فیصد فنڈ جاری کئے ہیں۔ ریاستی حکومت بھی جلد ہی اپنی 40 فیصد حصہ داری جاری کرے گی اور کام شروع کرے گی۔ اس اسکیم کے تحت فی کس 12 ہزار روپے کے قرض سے 1.9 لاکھ انفرادی ٹائلٹس اور 410 کمیونٹی ٹائلٹس تعمیر کئے جائیں گے۔ دیہاتوں میں 100 پلاسٹک ویسٹ مینجمنٹ یونٹ، سوک پٹس اور واٹر مینجمنٹ شیڈس تعمیر کئے جائیں گے۔

HAJ:

تلنگانہ حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے کہا ہے کہ تلنگانہ حج کمیٹی 17 ریاستوں کے 12 ہزار عازمین حج کو سہولتیں فراہم کرے گی جو حیدرآباد کے ذریعہ حج پر جائیں گے۔ حیدرآباد میں تلنگانہ اور آندھرا پردیش کی حج کمیٹیوں کے درمیان رابطہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے شبیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حاجیوں کیلئے تمام ضروری انتظامات اور مدد کو یقینی بنائیں۔ حج سفر کے لئے جملہ 31 پروازوں کا انتظامات کیا گیا ہے۔ یہ سلسلہ اس مہینہ کی 29 تاریخ کو شروع ہوگا۔ ان میں سے سات اوڑانیں مدینہ اور 24 جدہ جائیں گی۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کوئلہ و معدنیات اور تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے آج آنندنگر خیریت آباد میں انسٹیٹیوٹ آف کمپنی سکریٹریز آف انڈیا حیدرآباد چیاپٹر کی نئی عمارت کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے اسے نہ صرف حیدرآباد چیاپٹر بلکہ ملک میں کارپوریٹ حکمرانی نظام کیلئے ایک خاص موقع قرار دیا۔ انہوں نے ہندوستان کے کارپوریٹ شعبہ میں اہم رول ادا کرنے کے لئے کمپنی سکریٹریز کی تعریف کی اور کہا کہ وہ ملک کی کارپوریٹ حکمرانی کی ریڑھ کی ہڈی بن گئی ہے جنہوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ کمپنیاں قدروں پر عمل کریں، لیگل فریم ورک کی پیروری کریں اور شفافیت برقرار رکھیں۔ قومی ترقی میں ان کے رول کا ذکر کرتے ہوئے ریڈی نے کہا کہ کمپنی سکریٹریز بہترین طریقہ سے

کارپوریٹ معاملوں کو چلاتے ہوئے ملک کی معاشی ترقی میں مدد کررہے ہیں۔انہوں نے نشاندہی کی کہ ہندوستان دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بن چکا ہےاوراگلے دو برسوں میں 5 ٹریلین ڈالر کا نشانہ پار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی سکریٹریز جیسے پروفیشنلس کی وجہ سے یہ کامیابی حاصل ہوسکی۔

Sound Byte.

MLC:

اس مہینہ کی 23 تاریخ کو حیدرآباد لوکل اتھارٹیز ایم ایل سی چناؤ کیلئے عہدیدار انتظامات کررہے ہیں۔اس الیکشن میں بی جے پی امیدوار گوتم راؤ اور مجلس کے امیدوار مرزا ریاض الحسن آفندی میدان میں ہیں۔کانگریس اور بی آر ایس مقابلہ میں حصہ نہیں لے رہے ہیں۔ووٹوں کی گنتی 25 تاریخ کو ہوگی۔اس چناؤ کے پیش نظر پولیس نے کل شام چار بجے سے چہارشنبہ کی شام 6 بجے تک حیدرآباد اور سکندرآباد میں شراب کی دوکانیں بند رکھنے کا حکم دیا ہے۔

WEATHER:

مہاراشٹرا سے تلنگانہ، کرناٹک اور رائل سیما تک ہوا کے دباؤ کا علاقہ قائم ہوا ہے۔محکمہ موسمیات نے یہ بات بتائی۔اس کے اثر میں آج اور کل تلنگانہ کے کئی ضلعوں میں بارش کا امکان ہے۔میٹرولوجیکل سنٹر نے یہ بھی کہا کہ حیدرآباد، رنگاریڈی، ورنگل، نلگنڈہ، محبوب نگر اور کھمم ضلعوں میں آج شام تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ اوسط بارش ہوگی۔

SIVANGI

ریاستی وزیر سیتااکا نے آج نرمل ضلع میں تمام عورتوں پر مشتمل کمانڈو یونٹ کا افتتاح کیا جسے ٹیم شیوانگی کا نام دیا گیا۔وزیر نے کہا کہ ریاست کے تمام ضلعوں میں ایسی نوٹس قائم کرنی چاہیئے۔اس موقع پر ضلع ایس پی نے کہا کہ پرجوش خاتون پولیس آفیسرس کو کمانڈو گروپ بنانے سے پہلے 45 دن کی سخت ٹریننگ دی گئی۔انہوں نے کہا کہ اِس ٹیم نے ہتھیار چلانے، تکنالوجی استعمال کرنے اور دوسرے شعبوں میں خصوصی تربیت حاصل کی ہے۔

SETAKKA INDRVELLI

تلنگانہ حکومت نے سرکاری طور پر آج عادل آباد ضلع میں اندراویلی شہیدوں کا یادگاری دن منایا۔متحدہ عادل آباد ضلع کے آدی واسیوں اور شہیدوں کے رشتہ داروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔سیتااکا نے شہیدوں کی یادگار پر خراجِ عقیدت پیش کیا اور مرنے والوں کے خاندانوں کو مدد پہنچائی۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ممکن طریقہ سے شہیدوں کے خاندانوں کی مدد کرے گی۔

SOUND BYTE

CM - JAPAN

جاپان کے شہر کتیا کوشو کے میئر تا کیچی کا زیشا نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ رائزنگ وفد کا استقبال کیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کو روایتی استقبالیہ پیش کیا۔ یہ شہری سائکلنگ ، ماحولیات کی حفاظت اور متواتر ترقی کی کوششوں کے لئے دنیا بھر میں اپنی پہچان رکھتا ہے۔ کبھی اسے جاپان کا سب سے آلودہ شہر کہا جا تا تھا لیکن اس نے غیر معمولی تبدیلی دیکھی ہے۔

OO